نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

22مارچ2011ء

برائے فوری اجراء

059/2010

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکی سفارتخانہ کی جانب سے گوادر میں دہشتگردانہ قتل کی مذمت

اسلام آباد (22 مارچ 2011ء) ___ پاکستان میں امریکی سفارتخانہ سوموار کے روز ضلع گوادر میں فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن اور نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے ملازمین کے ظالمانہ قتل کی سخت مذمت کرتا ہے۔

پاکستان اور دنیا بھر کے لوگ دہشتگردوں کی جانب سے تشدد کی اِن وحشیانہ کارروائیوں کو مسترد کرتے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ ملزمان کو جلد از جلد کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ ہمارے خیالات اور دعائیں اس سانحے میں جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین کے ساتھ ہیں۔

امریکہ پاکستانی عوام کی جانب سے اپنے لئے ایک پرامن اور مواقع سے بھرپور اور ڈر و خوف اور تشدد سے پاک مستقبل کے حصول کی کوششوں میں اُن کی مدد جاری رکھے گا۔

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔